2025-01-14

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

-1 وزیراعظم نریندر مودی، آج بھارت کو آب وہوا کے تعلق سے اِسمارٹ ملک بنانے کیلئے ’مشن موسم‘ کا آغاز کریں گے۔

-2 اڈیشہ، آیوشمان بھارت پردھان منتری جَن آروگیہ یوجنا نافذ کرنے والی ریاستوں میں شامل ہوگیا ہے۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ اڈیشہ کے عوام اب سستی قیمتوں پر اعلیٰ معیار کی حفظان صحت خدمات حاصل کرسکیں گے۔

-3 امتحانات منعقد کرنے والی قومی ایجنسی NTA نے تہواروں کے ساتھ تاریخ ٹکرانے کے سبب UGC NET دسمبر 2024 امتحان کو ملتوی کردیا ہے۔

-4 آج ملک کے مختلف علاقوں میں فصلوں کی کٹائی کا تہوار مکر سکرانتی منایا جارہا ہے۔

-5 سنگاپور کے صدر تھرمن شَنموگا رَتنم آج سے بھارت کے پانچ روزہ دورے پر ہوں گے۔

-6 اور: نئی دلّی میں کھوکھو عالمی کپ کے افتتاحی میچ میں بھارت نے نیپال کو ہرایا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-IMD

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں ’مشن موسم‘ کا آغاز کریں گے، جس کا مقصد ملک کو ہر طرح کے موسم کا سامنا کرنے کیلئے تیار کرنا اور آب و ہوا کے تعلق سے اسمارٹ ملک بنانا ہے۔ جناب مودی بھارت منڈپم میں بھارتی موسمیات محکمے کے 150 ویں یوم تاسیس کی تقریبات میں شرکت کرتے ہوئے، اس کا آغاز کریں گے۔ وہ اس موقع پر اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V-C Dipendra

مشن موسم کا مقصد، موسم کی نگرانی کیلئے جدید ترین ٹیکنالوجیز اور نظام تیار کر کے مقررہ اہداف حاصل کرنا ہے۔ یہ مشن اعلیٰ ریزولوشن والی ماحولیاتی مشاہدات، اگلے سلسلے کے رڈارس اور سٹیلائٹس اور اعلیٰ کارکردگی کے حامل کمپیوٹرس کو نافذ کرے گا۔ یہ مشن، موسم اور آب وہوا کی تبدیلی کے عمل کی تفہیم کو بہتر بنانے اور ہوا کے معیار کے اعداد وشمار فراہم کرنے پر بھی توجہ مرکوز کرے گا، جو طویل مدت کے دوران موسم سے متعلق انتظام اور اقدامات کو حکمت

عملی کی شکل دینے میں مدد فراہم کرے گا۔ اس تقریب کے دوران جناب مودی موسمیات محکمے کی وژن 2047 دستاویز بھی جاری کریں گے۔ اس میں موسم کی پیش گوئی کے ساتھ ساتھ موسم سے پیدا حالات سے نمٹنے اور آب و ہوا کی تبدیلی کے تعلق سے صورتحال کا سامنا کرنے کے منصوبے شامل ہوں گے۔

گزشتہ 150 سال کے دوران بھارتی موسمیات محکمے کی کامیابیوں کو اُجاگر کرنے کیلئے مختلف تقریبات، سرگرمیوں اور ورکشاپس کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ یہ تقریبات موسم اور آب وہوا کی تبدیلی سے متعلق اہم خدمات فراہم کرنے میں IMD کے رول اور تعاون کو اُجاگر کریں گی۔

دپیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ……

Rev. Ayushman Bharat Odisha

اڈیشہ، آیوشمان بھارت پردھان منتری جَن آروگیہ یوجنا، AB PM-JAY نافذ کرنے والی 34 ویں ریاست بن گئی ہے۔ اس سلسلے میں کل نئی دلّی میں قومی صحت اتھارٹی اور صحت و خاندانی بہبود کے محکمے، حکومت اڈیشہ نے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے۔ اس اسکیم کے تحت ہر کنبے کو اسپتالوں میں علاج ومعالجہ کیلئے پانچ لاکھ روپے سالانہ کا صحت کوریج فراہم کیا جاتا ہے۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈا نے کہا کہ آیوشمان بھارت اسکیم کے تحت 8 کروڑ افراد سے زیادہ افراد کو اسپتالوں میں داخل کرایا جاچکا ہے۔

Byte: JP Nadda

وزیراعظم نریندر مودی نے آیوشمان بھارت پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا کے نفاذ پر اڈیشہ کے عوام کو مبارک باد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ یہ اسکیم سستی قیمتوں پر اعلیٰ ترین صحت خدمات کو یقینی بنائے گی۔

اب تک ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں صرف مغربی بنگال اور دلّی باقی رہ گئے ہیں، جہاں یہ اسکیم نافذ نہیں کی گئی ہے۔×

Net Exam Postpone

امتحانات منعقد کرانے والی قومی ایجنسی NTA نے UGC-NET دسمبر 2024 امتحان ملتوی کردیا ہے جو کہ کل ہونے والا تھا۔ NTA نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ 15جنوری کو پونگل، مکرسکرانتی اور دوسرے تہواروں کے مد نظر اسے ملتوی کرنے کے لیے درخواستیں موصول ہوئی تھیں۔ امتحان کی نئی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

NTA نے مزید کہا ہے کہ 16 جنوری کو منعقد ہونے والا امتحان اپنے مقررہ شیڈول کے مطابق ہوگا۔

Makar Sankranti

فصل کی کٹائی کا تہوار مکر سنکرانتی آج ملک کے مختلف حصوں میں منایا جا رہا ہے۔ مکر سنکرانتی، موسم سرما کے ختم ہونے اور دنوں کے طویل ہونے کے آغاز کا اشارہ ہے۔ اس تہوار کو ملک کے مختلف حصوں میں الگ الگ ناموں سے جانا جاتا ہے۔ تملناڈو میں اسے پونگل، گجرات میں اُترائن، آسام میں بھوگالی بیہو اور مغربی بنگال میں پوش سنگ کرانتی کے طور پر اسے منایا جاتا ہے۔x

Kerala Makaravilakku

کیرالہ میں آج سَبری مالا ہِل شرائن میں Makaravilakku فیسٹول کیلئے سکیورٹی کے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔ کیرالہ پولیس نے Sannidhanam، Pampa اور Nilakkal میں پانچ ہزار سے زیادہ سکیورٹی اہلکاروں کو تعینات کیا ہے۔ پولیس کے علاوہ آگ بجھانے والے اور بچاؤ کاری محکمے نیز NDRF کے اہلکاروں کو بھی 'مکر جیوتی' درشن کے اہم مقامات پر تعینات کیا گیا ہے۔ یہاں ڈھائی لاکھ سے زیادہ عقیدت مندوں کے درشن کرنے کا امکان ہے۔×

Thai Pongal

سری لنکا میں تمل برادری آج مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ تھائی پونگل منا رہی ہے۔ تمل مہینے تھائی پونگل کے آغاز پر منایا جانے والا فصل کی کٹائی کا یہ تہوار سوریہ بھگوان کو وقف ہے۔

سری لنکا کے صدر انورا کمارا دِسا نائیکا نے اس موقع پر سبھی کو مبارکباد دی ہے اور سب کے روشن مستقبل کی دعا کی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Ahmed Muyeen Farooqi

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

اب کچھ خبریں مہا کمبھ سے

Opening Music

پریاگ راج میں مہا کمبھ میں مکرسنکرانتی امرت اشنان کا سلسلہ جاری ہے-13 اکھاڑوں میں سے ہر اکھاڑے کو اُس کا مقررہ وقت اور ترتیب دی گئی ہے۔ مہانروانی پنچایتی اکھاڑہ آج صبح سویرے تریوینی سنگم پر پوتر ڈُبکی لگانے والا پہلا اکھاڑہ تھا۔ شری پنچایتی اکھاڑہ نرمل، امرتِ اشنان کرنے والا آخری اکھاڑہ ہوگا۔ اس عظیم الشان تقریب کے لیے سیکیورٹی کے وسیع تر انتظامات کیے گئے ہیں۔

گل پوش پورنیما پر دنیا کے سب سے بڑے روحانی اور ثقافتی اجتماع مہا کمبھ میں ایک کروڑ 50 لاکھ سے زیادہ عقیدتمندوں نے پوِتر ڈُبکی لگائی۔ عقیدتمندوں پر ہیلی کاپٹر کے ذریعے پھول برسائے گئے۔مہا کنبھ 26 فروری کو مہا شیوراتری تک جاری رہے گا۔

اب ہم پریاگ راج کے تروینی سنگم پر موجود اپنے نامہ نگار آنند کمار سے براہِ راست معلومات حاصل کریں گے۔

1- سب سے پہلے ہم آپ سے یہ جاننا چاہیں گے کہ مکر سنکرانتی امرت اشنان کے موقع پر عقیدتمندوں میں کیسا جوش و خروش ہے؟

Live Anand

2- وہاں انتظامات کے بارے میں کچھ بتائیے؟

Live Anand

اس معلومات کے لیے آنند آپ کا بہت بہت شکریہ۔

Kumbh Closing

MP Liquor Ban

مدھیہ پردیش میں ریاستی حکومت مذہبی اہمیت کے حامل شہروں میں شراب پر پابندی نافذ کرنے پر غور کر رہی ہے۔ یہ معلومات وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے ایک ویڈیو پیغام میں دی۔ وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت شراب سے متعلق پالیسی میں سدھار کرکے اِسے نافذ کرنے پر غور کر رہی ہے۔

وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ ریاستی حکومت جلد اس سلسلے میں فیصلہ کرے گی اور اس سمت میں پختہ اقدامات کیے جائیں گے۔

Prez. Singapore India

سنگاپور کے صدر Tharman Shanmugaratnam آج سے بھارت کے پانچ روزہ دورے پر رہیں گے۔ وزراء، ممبران پارلیمنٹ اور عہدیداران سمیت ایک اعلیٰ سطحی وفد ان کے ہمراہ ہوگا۔ سنگاپور کے صدر کی حیثیت سے یہ ان کا بھارت کا پہلا دورہ ہوگا۔

اپنے دورے کے تحت صدر Tharman، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ساتھ بات چیت کریں گے، جو اُن کے اعزاز میں ایک ضیافت کی میزبانی بھی کریں گی۔

وزیراعظم نریندر مودی سنگاپور کے صدر سے ملاقات کریں گے۔ صدر Tharman، اِس ماہ کی 17 سے 18 تاریخ تک اوڈیشہ کا بھی دورہ کریں گے۔x

Direct Tax Collection

موجودہ مالی برس کے دوران اب تک ملک میں براہ راست ٹیکسوں کی مجموعی وصولی تقریباً 16 فیصد کے اضافے کے ساتھ 16 لاکھ 90 ہزار کروڑ روپے ہوئی ہے۔ براہ راست ٹیکسوں کے مرکزی بورڈ CBDT کے مطابق براہ راست ٹیکسوں کی مجموعی وصولی نے تقریباً 20 فیصد کی شاندار شرح ترقی درج کی ہے اور یہ 20 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ ہوگئی ہے۔ یہ گزشتہ مالی برس کی اسی مدت کے دوران کے تقریباً 17 لاکھ کروڑ روپے کے مقابلے نمایاں اضافہ ہے۔ کارپوریٹ ٹیکس کا تعاون تقریباً 10 لاکھ کروڑ روپے، جبکہ غیر کارپوریٹ ٹیکس کا تعاون تقریباً 11 لاکھ کروڑ روپے رہا۔x

## Must Announcement

آج بھارتی فوج کے دن کے موقع پر آکاشوانی دلی فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دویدی کا ایک پیغام نشر کرے گا۔ اسے ایف ایم گولڈ، اندرپرست، اور آکاشوانی لائیو نیوز x724 چینلوں پر رات آٹھ بجے سنا جا سکے گا۔ یہ آکاشوانی یوٹیوب چینل پر بھی دستیاب رہے گا۔

## NAG MK Trials

راجستھان کے پوکھرن فیلڈ رینج میں ملک میں ہی تیارکردہ تیسرے سلسلے کے ٹینک شکن

Fire and Forget Missile NAG MK 2

کی زمینی آزمائش کامیابی کے ساتھ مکمل کی گئی۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ تین زمینی آزمائش کے دوران میزائل نظام نے سبھی اہداف کو کامیابی کے ساتھ تباہ کیا اور اپنی فائرنگ رینج کی توثیق کی۔ آزمائش کی کامیابی کی ستائش کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے بھارتی فوج کی دفاعی تحقیق و ترقی کی تنظیم اور صنعت کو مبارکباد دی۔Nag کے میزائل کیریئر کے دوسرے ورژن کی بھی زمینی آزمائش کی گئی۔ اس کے ساتھ ہی اب ہتھیاروں کا پورا نظام بھارتی فوج میں شامل کیے جانے کے لیے تیار ہے۔x

## Jaishankar Indo Spanish

وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر نے کل میڈرڈ میں اسپین کے وزیر خارجہ Jose Manuel Albares کے ساتھ بات چیت کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ میٹنگ کے دوران، انہوں نے تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، سکیورٹی، شہری ترقیات اور ریلویز سمیت مختلف شعبوں میں دو طرفہ شراکت داری کے سلسلے میں مفید اور نتیجہ خیز بات چیت کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت- یوروپی یونین کے درمیان مضبوط تعلقات کی حمایت کرنے والے اور ایک قابل اعتماد بحیرہ روم کے ساجھیدار ملک کے طور پر بھارت، اسپین کی قدر کرتا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں ملکوں نے کھیلوں اور پائیدار شہری ترقیات سے متعلق سمجھوتوں پر دستخط کئے۔

انہوں نے مزید کہا کہ اس سال کے دوران دونوں ملکوں کے درمیان ہونے والے تبادلے، بھارت اور اسپین کے تعلقات کو مستحکم کریں گے اور باہمی تعاون کیلئے نئی رفتار پیدا کریں گے۔×

India Assistance

بھارت نے Lesotho کے لوگوں کے لیے خوراک کی اشیا کی دوسری کھیپ روانہ کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خارجہ نے کہا کہ یہ امداد Lesotho کے لوگوں کے لیے خوراک کے مسائل سے نمٹنے میں مدد فراہم کرے گی۔

کُل ایک ہزار میٹرک ٹن جوار ممبئی کے Nhava Sheva بندرگاہ سے Lesotho کے لیے روانہ کیا گیا۔x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج ہماچل پردیش کے کچھ حصوں میں سرد لہر کی صورتحال اور پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش اور اترپردیش کے کئی علاقوں میں رات اور صبح سویرے کے اوقات میں بہت شدید کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ راجستھان، بہار، اتراکھنڈ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم اور شمال مشرقی ریاستوں میں بھی آئندہ کچھ روز تک اسی طرح کی صورتحال جاری رہنے کا امکان ہے۔×

Kho Kho World Cu

بھارت نے کل رات نئی دلی میں کھوکھو عالمی کپ 2025 کے اپنے گروپ A کے مقابلے میں نیپال پر 42-37 سے شاندار جیت حاصل کی۔ ٹاس جیتنے کے بعد مردوں کی بھارتی ٹیم نے ایک مضبوط شروعات کی اور ابتدائی مرحلے میں ہی 24 پوائنٹ حاصل کرلیے۔

بھارتی ٹیم کے Aditya Ganpuleکو میچ کا بہترین کھلاڑی اور Siva Reddy کو میچ کا بہترین Attacker قرار دیا گیا۔

ایک پریس کانفرنس میں بھارتی کپتان Prateek Waikar نے اتنے بڑے مقابلے میں ٹیم کی قیادت کرنے پر خوشی کا اظہار کیا۔

S/B Prateek Waikar in NSD Group

اِس سے قبل نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن کی صدر پی ٹی اوشا اور بھارت کی کھوکھو فیڈریشن کے صدر سدھانشو متّل کے ہمراہ کھوکھو عالمی کپ 2025کی مشعل روشن کی، جو کھیل کے جذبے، اتحاد اور بھارت کے روایتی کھیل کا عالمی سطح پر جشن منائے جانے کی عکاس ہے۔x

Badminton

انڈیا اوپن سیر 750 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ آج سے نئی دلی KD جادھو انڈور ہال میں شروع ہو رہا ہے۔ اس کھیل میں تقریباً 200 بیڈمنٹن کے سرکردہ کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں جن میں بین الاقوامی سطح کے اولمپک چیمپین بھی شامل ہیں۔ 36 بھارتی کھلاڑی جن میں PV سندھو بھی شامل ہیں وہ 2024 کے ایک طویل وقفے کے بعد واپسی کر رہی ہیں۔ اس مقابلے میں اُن کا سامنا خواتین سنگلز کے 32 ویں راؤنڈ میں تائیوان کی Sung Shuo Yun سے ہوگا۔

جبکہ مردوں کے ڈبلز میں ستوک سائی راج رنکی ریڈّی اور چراغ شیٹی ملیشیا کے Tee Kai Wun اور Man Wei Chong سے مقابلہ کریں گے۔x

HIL Hockey

خواتین کے ہاکی انڈیا لیگ میں سورما ہاکی کلب نے شراچی راڑھ بنگال ٹائیگرس کو چار-ایک سے شکست دے دی۔ ٹائیگرس کی طرف سے Hannah Cotter کے ابتدائی گول کے باوجود سورما کلب کے کھلاڑیوں نے میچ پر سبقت بنائے رکھی اور جیت درج کی۔

آج دلّی SG Pipers کا مقابلہ شراچی راڑھ بنگال ٹائیگرس سے رانچی میں ہوگا۔ یہ میچ شام 6 بجے سے کھیلا جائے گا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت کئی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے ذریعے جموں و کشمیر کے سون مرگ میں ٹنل کا افتتاح کیے جانے کی خبر کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے۔ اخبار وزیراعظم کے خطاب کے حوالے سے لکھتا ہے کہ کشمیر میں تعمیر و ترقی کا نیا باب رقم ہو رہا ہے اور جموں و کشمیر ملک کا تاج ہے اور میں اس تاج کو خوبصورت اور خوش حال دیکھنا چاہتا ہوں۔ ساتھ ہی بیشتر اخباروں نے دہلی کے بھارت منڈپم میں آج بھارت کے محکمہ موسمیات IMD کے 150 ویں یوم تاسیس میں وزیراعظم نریندر مودی کی شرکت کی خبر کو نمایاں کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے مرکزی وزیر برائے ٹرانسپورٹ نتن گڈکری کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ وکست بھارت کے خواب کو شرمندہئ تعبیر کرنے کے لیے بہتر آمدروفت اور ٹرانسپورٹیشن کا نظام بے حد ضروری ہے۔

یوم جمہوریہ 2025 کے مہمان خصوی انڈونیشیا کے صدر سوبیانتو ہوں گے۔ اس خبر کو ملاپ نے Box میں جگہ دی ہے۔

اس کے علاوہ آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے پریاگ راج میں مہا کمبھ کے آغاز پر تفصیلی رپورٹ پیش کی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی اور کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے نے اس موقع پر اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

بہار میں جل جیون ہریالی یوجنا کے تحت وزیر اعلیٰ نیش کمار کے ذریعے 900 کروڑ روپے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد کی خبر کو ملاپ نے اجاگرکیاہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

_ سعودی سفیر کی افغان وزیر خارجہ سے ملاقات۔ دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال۔

_ مسلح گروپوں کے ذریعے شام کی تعمیر ممکن نہیں: احمد الشرع

_ لبنانی حکومت کی تشکیل کے لیے نواف سلام کا نام پیش۔

_ عمرہ زائرین کے لیے تمام ضروری طبی احتیاطی تدابیر لازمی: سعودی وزارت صحت

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی، آج بھارت کو آب وہوا کے تعلق سے اِسمارٹ ملک بنانے کیلئے 'مشن موسم' کا آغاز کریں گے۔

2- اڈیشہ، آیوشمان بھارت پردھان منتری جَن آروگیہ یوجنا نافذ کرنے والی ریاستوں میں شامل ہوگیا ہے۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ اڈیشہ کے عوام اب سستی قیمتوں پر اعلیٰ معیار کی حفظان صحت خدمات حاصل کرسکیں گے۔

3- امتحانات منعقد کرنے والی قومی ایجنسی NTA نے تہواروں کے ساتھ تاریخ ٹکرانے کے سبب UGC NET دسمبر 2024 امتحان کو ملتوی کردیا ہے۔

4- آج ملک کے مختلف علاقوں میں فصلوں کی کٹائی کا تہوار مکر سکرانتی منایا جارہا ہے۔

5- سنگاپور کے صدر تھرمن شَنموگا رَتنم آج سے بھارت کے پانچ روزہ دورے پر ہوں گے۔

6- اور: نئی دلّی میں کھوکھو عالمی کپ کے افتتاحی میچ میں بھارت نے نیپال کو ہرایا۔

-----------------------------

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------